## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON LAW AND JUSTICE ON THE CONSTITUTION (AMENDMENT) BILL, 2024

I, the Chairman of Standing Committee on Law and Justice, have the honour to present this report on the Bill further to amend the **Constitution of Islamic Republic of Pakistan, 1973[the Constitution (Amendment) Bill, 2024]** (Article 51,59,106) (Private Member Bill) referred to the Committee on 03rd September, 2024.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Ch. Mahmood Bashir Virk** | **Chairman** |
| 2. | Rana Muhammad Qasim Noon | Member |
| 3. | Mr. Muhammad Mueen Wattoo | Member |
| 4. | Mr. Muhammad Raza Hayat Harraj | Member |
| 5. | Ms. Bilal Azhar Kayani | Member |
| 6. | Ms. Kiran Haider | Member |
| 7. | Ms. Zahra Wadood Fatemi | Member |
| 8. | Syed Ali Qasim Gillani | Member |
| 9. | Syed Naveed Qamar | Member |
| 10. | Dr. Nafisa Shah | Member |
| 11. | Syed Abrar Ali Shah | Member |
| 12. | Syed Hafeezuddin | Member |
| 13. | Mr. Hassaan Sabir | Member |
| 14. | Mr. Gohar Ali Khan | Member |
| 15. | Sardar Muhammad Latif Khan Khosa | Member |
| 16. | Mr. Ali Muhammad Khan | Member |
| 17. | Mr. Umair Khan Niazi | Member |
| 18. | Mr. Changaze Ahmad Khan | Member |
| 19. | Mr. Sohail Sultan | Member |
| 20. | Ms. Aliya Kamran | Member |
| 21. | Minister for Law and Justice | Ex-officio Member |

**3.** The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at Annex-A, in its meetings held on 27th September, 12th November, 21st November 2024 and recommended that the Bill, may not be passed by the National Assembly.

**Sd/-**
**TAHIR HUSSAIN**
Secretary
Islamabad, the 12th December 2024

**Sd/-**
**(Ch. Mahmood Bashir Virk)**
Chairman

ANNEX-'A'

# AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE

**A**

**BILL**

*further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan*

WHEREAS, it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purposes hereinafter appearing;-

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-**(1) This Bill shall be called the Constitution (Amendment) Bill, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of Article 51 of the Constitution.-** In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, hereinafter referred to as the Constitution, in Article 51,

(i) in clause (1), for the words "thirty-six", the words, "thirty-eight", shall be substituted;
(ii) in clause (4), after the words, "non-Muslims", the words, "and two seats reserved for overseas Pakistanis", shall be added; and
(iii) in clause (6),
(a) in paragraph (c), after the words "reserved for Non-Muslims" the words, "and overseas Pakistanis" shall be inserted; and
(b) in paragraph (e), after the words "reserved for Non-Muslims" the words, "and overseas Pakistanis" shall be inserted.

3. **Amendment in Article 59 of the Constitution.-** In the Constitution, in Article 59,

(i) in clause (1),
(a) in the riding clause, for the words "ninety-six", the words "ninety-eight" shall be substituted; and
(b) after paragraph (f), the following new paragraph (g) shall be added, namely:-

"(g) two shall be elected from overseas Pakistanis by the National Assembly;"

(ii) in clause (3), after paragraph (f), the following new paragraph (g) shall be added, namely:-

"(g) of the members referred to in paragraph (g) of the aforesaid clause, one shall retire after the expiration of first three years and one shall retire after the expiration of next three years:

Provided that the Election Commission for the first term of seats for overseas Pakistanis shall draw a lot as to which one member shall retire after first three years."

3. **Amendment in Article 106 of the Constitution.-** In the Constitution, in Article 106,

(i) in clause (1),

(a) after the words, "and seats reserved for", the expression, "overseas Pakistanis," shall be inserted; and

(b) for the table the following shall be substituted:-

| | General seats | Women | Non-Muslims | Overseas Pakistanis | Total |
|---|---|---|---|---|---|
| Balochistan | 51 | 11 | 3 | 1 | 66 |
| Khyber Pakhtunkhwa | 115 | 26 | 4 | 1 | 146 |
| Punjab | 297 | 66 | 8 | 1 | 372 |
| Sindh | 130 | 29 | 9 | 1 | 169 |

(ii) in clause (3),

(a) in paragraph (b), after the words, "seats reserved for", the expression, "overseas Pakistanis," shall be inserted; and

(b) in paragraph (c), after the words, "seats reserved for", the expression, "overseas Pakistanis," shall be inserted.

------------

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Keeping in view the importance of overseas Pakistanis and to give them opportunity to serve and represent them in the National Assembly, Senate and Provincial Assemblies, this Bill has been proposed. For that purpose, two seats in the National Assembly, two seats in the Senate and one seat in each Provincial Assembly have been reserved. The whole Pakistan will be single constituency for seats reserved in the National Assembly as well as each Province will be single constituency for the seat reserved for each Province. On the seats reserved for overseas Pakistanis in the Senate, the members will be elected by the National Assembly.

The Bill seeks to achieve the above objectives.

Sd/-
**MR.NOOR ALAM KHAN,**
Member, National Assembly.

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## دستور(ترمیمی)بل،۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف کی رپورٹ۔

میں،چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف ۳/ستمبر،۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور،۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل[دستور(ترمیمی)بل،۲۰۲۴ء](آرٹیکل ۵۱،۵۹،۱۰۶)(نجی رکن کا بل)پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **چوہدری محمود بشیر ورک** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | رانا محمد قاسم نون | رکن |
| ۳۔ | جناب محمد معین وٹو | رکن |
| ۴۔ | جناب محمد رضا حیات ہیراج | رکن |
| ۵۔ | جناب بلال اظہر کیانی | رکن |
| ۶۔ | محترمہ کرن حیدر | رکن |
| ۷۔ | محترمہ زہرہ ودود فاطمی | رکن |
| ۸۔ | سید علی قاسم گیلانی | رکن |
| ۹۔ | سید نوید قمر | رکن |
| ۱۰۔ | ڈاکٹر نفیسہ شاہ | رکن |
| ۱۱۔ | سید ابرار علی شاہ | رکن |
| ۱۲۔ | سید حفیظ الدین | رکن |
| ۱۳۔ | جناب حسان صابر | رکن |
| ۱۴۔ | جناب گوہر علی خان | رکن |
| ۱۵۔ | سردار محمد لطیف خان کھوسہ | رکن |
| ۱۶۔ | جناب علی محمد خان | رکن |
| ۱۷۔ | جناب عمیر خان نیازی | رکن |
| ۱۸۔ | جناب چنگیز احمد خان | رکن |
| ۱۹۔ | جناب سہیل سلطان | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ عالیہ کامران | رکن |
| ۲۱۔ | وزیر برائے قانون وانصاف | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۷ ستمبر،۱۲نومبر اور ۲۱نومبر،۲۰۲۴ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں منسلکہ الف پر رکھے گئے بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی بل منظور نہ کرے۔

دستخط/۔
**(طاہر حسین)**
سیکرٹری
اسلام آباد،۱۲دسمبر،۲۰۲۴ء

دستخط/۔
**(چوہدری محمود بشیر ورک)**
چیئرمین

منسلکہ "الف"

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

# اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا

# بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **دستور کے آرٹیکل ۵۱ کی ترمیم۔** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں، جس کا بعدازاں دستور کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، آرٹیکل ۵۱ میں،

(i) شق (۱) میں، لفظ "چھتیس" کو لفظ "اڑتیس" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ii) شق ۴ میں، الفاظ "غیر مسلموں" کے بعد الفاظ "اور سمندر پار پاکستانیوں کے لئے دو نشستیں مختص" کا اضافہ کر دیا جائے گا؛ اور

(iii) شق (۶) میں،

(الف) پیرا (ج) میں، الفاظ "غیر مسلموں کے لئے مختص" کے بعد الفاظ "اور سمندر پار پاکستانیوں" شامل کر دیئے جائیں گے؛ اور

(ب) پیرا (ہ) میں، الفاظ "غیر مسلموں کے لئے مختص" کے بعد الفاظ "اور سمندر پار پاکستانیوں" شامل کر دیئے جائیں گے۔

۳۔ **دستور کے آرٹیکل ۵۹ میں ترمیم۔** دستور میں، آرٹیکل ۵۹ میں،

(i) شق (۱) میں،

(الف) اضافی شق میں، الفاظ "چھیانوے" کو الفاظ "اٹھانوے" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ نیز

(ب) پیرا (و) کے بعد، حسب ذیل نئے پیرا (ز) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ز) قومی اسمبلی کی جانب سے سمندر پار پاکستانیوں میں سے دو کو منتخب کیا جائے گا؛"

(ii) شق (۳) میں، پیرا (و) کے بعد، حسب ذیل نئے پیرا (ز) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ز) مذکورہ بالا شق کے پیرا (ز) میں حوالہ دیئے گئے اراکین میں سے ایک رکن پہلے تین سالوں کے اختتام پر ریٹائر ہو جائے گا اور دوسرا اگلے تین سالوں کے اختتام پر ریٹائر ہو جائے گا:

مگر شرط یہ ہے کہ سمندر پار پاکستانیوں کی نشستوں کی پہلی مدت کے لئے الیکشن کمیشن کی جانب سے قرعہ اندازی کی جائے گی کہ کون سا رکن پہلے تین سالوں کے بعد ریٹائر ہوگا۔"

۳۔ **دستور کے آرٹیکل ۱۰۶ میں ترمیم۔** دستور میں، آرٹیکل ۱۰۶ میں،

(i) شق (۱) میں،

(الف) الفاظ "اور مختص نشستوں برائے" کے بعد عبارت "سمندر پار پاکستانی" شامل کر دی جائے گی؛ نیز

(ب) جدول کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا:۔

| | عام نشستیں | خواتین | غیر مسلم | سمندر پار پاکستانی | کل |
|---|---|---|---|---|---|
| بلوچستان | ۵۱ | ۱۱ | ۳ | ۱ | ۶۶ |
| خیبر پختونخوا | ۱۱۵ | ۲۶ | ۴ | ۱ | ۱۳۶ |
| پنجاب | ۲۹۷ | ۶۶ | ۸ | ۱ | ۳۷۲ |
| سندھ | ۱۳۰ | ۲۹ | ۹ | ۱ | ۱۶۹ |

(ii) شق (۳) میں،

(الف) پیرا (ب) میں، الفاظ "مختص نشستوں برائے" کے بعد عبارت "سمندر پار پاکستانی" شامل کر دی جائے گی؛ نیز

(ب) پیرا (ج) میں، الفاظ "مختص نشستوں برائے" کے بعد عبارت "سمندر پار پاکستانی" شامل کر دی جائے گی۔

## بیان اغراض و وجوہ

سمندر پار پاکستانیوں کی اہمیت کے تناظر میں اور قومی اسمبلی، سینیٹ اور صوبائی اسمبلیوں میں انہیں خدمت اور نمائندگی کا موقع دینے کے لئے یہ بل تجویز کیا گیا ہے۔ اس غرض سے، قومی اسمبلی میں دو نشستیں، سینیٹ میں دو نشستیں اور ہر ایک، صوبائی اسمبلی میں ایک نشست مختص کی گئی ہے۔ قومی اسمبلی میں مختص کردہ نشستوں کے لئے تمام پاکستان واحد حلقہ ہے جبکہ ہر ایک صوبہ ہر صوبے کے لئے مختص کردہ نشست کے لئے واحد حلقہ ہو گا۔ سینیٹ میں سمندر پار پاکستانیوں کے لئے مختص کردہ نشستوں پر قومی اسمبلی ارکان کا انتخاب کرے گی۔

اس بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط۔

**نور عالم خان**

رکن، قومی اسمبلی